تعارفِ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

کتاب = کاروانِ حدیث
مصنف = عبدالرشید عراقی
صفحات = 360
قیمت = 144 روپے
ناشر = نوراسلام اکیڈمی' پوسٹ بکس 5166' ماڈل ٹاؤن لاہور

محدثین کرام وہ قابل قدر ہستیاں ہیں جن کا احسان امت مسلمہ کے افراد کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔انہوں نے طویل سفر کر کے اور طرح طرح کی صعوبتیں اور مشکلات برداشت کر کے نبی آخرالزماں ﷺ کے فرمودات یکجا کئے' پھر ان کو اپنے اپنے ذوق کے مطابق ترتیب دے کر کتابوں کی صورت میں مرتب کیا اور بعد میں آنے والوں کے لئے آسانی پیدا کی۔عبدالرشید عراقی صاحب نے ان قدسی صفات افراد میں سے بیالیس شخصیات کے مختصر حالات زندگی کاروان حدیث میں یکجا کر دیئے ہیں۔محدثین کرام کے اس تذکرے میں تحصیل احادیث کے ضمن میں ان کی کاوشوں کے علاوہ ان کی تصنیفات کا بھی مختصر ذکر ملتا ہے۔ اس طرح یہ کتاب تحقیقی کام کرنے والوں کے لئے ایک مفید دستاویز اور Reference Book بھی ہے۔

فاضل مصنف معتدل' متوازن اور صحت مند فکر و نظر کے مالک ہیں۔کتاب کے مطالعہ سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ کام انہوں نے انتہائی ذمہ داری کے ساتھ خوفِ خدا کا جذبہ پیش نظر رکھتے ہوئے دین کی خدمت سمجھ کر کیا ہے۔صحاح ستہ کے مرتبین کے علاوہ چھتیس دوسرے محدثین کے حالات زندگی مستند حوالہ جات کے ساتھ قلمبند کرنا آسان کام نہیں ہے۔

محدثین عظام کے اس تذکرے کے آغاز میں مصنف نے مقدمہ لکھا ہے جس میں حجیت حدیث' تدوین حدیث اور کتابت حدیث کے عنوانات کے تحت مستند معلومات فراہم کر دی گئی ہیں۔

کتاب کے آغاز میں پروفیسر حکیم راحت نسیم سوہدروی کی تقریظ ہے' جس میں انہوں